کتے اور بلی کے "کیفے"

جو ان ڈور ادارے لوگوں کو اور پالتو جانوروں کو تعامل کیلئے جگہ فراہم کرتے ہیں — جسے عام طور پر کتے یا بلی کا "کیفے" کہا جاتا ہے — نیو یارک سٹی (NYC) میں کھل گئے ہیں، لیکن نام "کیفے" الجھن کا باعث ہے! کتے یا بلی کے "کیفے" میں انسانوں کے استعمال کیلئے کھانا یا مشروب تیار یا پیش نہیں کیا جاتا ہے۔ یہ کاروبار کیسے کام کرتا ہے اس کی تفصیل یہاں درج ہے:

فزیکل اسپیس اور سیٹ اپ

اگر کوئی کاروبار جہاں پالتو جانوروں کی اجازت ہے وہ کسی ریسٹورنٹ یا دیگر فوڈ سروس اسٹیبلشمنٹ کے بالکل برابر میں ہے:

- دونوں مقامات کو فرش تا چھت کی دیوار یا دیواروں سے مکمل طور پر الگ کیا جانا چاہیے۔
- ہر مقام کا اپنا گلی کا داخلی راستہ اور الگ پتہ ہونا چاہیے۔
- کاروبار سے ہو کر براہ راست جانے کا کوئی دروازہ یا دوسرا راستہ نہیں ہونا چاہیے جہاں پالتو جانوروں کے پہلے باہر نکلے بغیر ریسٹورنٹ یا دیگر فوڈ سروس اسٹبلشمنٹ تک جانے کی اجازت ہو۔

عملہ

کاروبار کا جو عملہ پالتو جانوروں کو اجازت دیتا ہے اس کے پاس کام کی کوئی ایسی ذمہ داری نہیں ہونی چاہیے جس کیلئے اسے کسی فوڈ سروس اسٹبلشمنٹ میں داخل ہونے کی ضرورت ہو۔

کھانا یا مشروب

ایسا

کاروبار جہاں پالتو جانوروں کی اجازت ہے وہاں انسانوں کی جانب سے استعمال کیا جانے والا کوئی بھی کھانا یا مشروب صرف کسٹمر وہاں لا سکتا ہے۔ ایسے کاروبار میں انسانی استعمال کیلئے کھانے پینے کی اشیاء براہ راست آفر، فروخت یا پیش نہیں کی جا سکتیں جو پالتو جانوروں کی اجازت دیتا ہے۔

جانور اور انڈور یا آوٹ ڈور کھانا

پالتو جانوروں کے علاوہ، زندہ جانوروں کی ریسٹورنٹس اور دیگر فوڈ سروس اسٹیبلشمنٹس کے تمام اندرونی اور بیرونی علاقوں میں ممانعت ہے۔ جب تک آپریٹرز "کتے کے ساتھ آوٹ ڈور ڈائننگ" کے قانون کی تعمیل کریں گے اور مطلوبہ علامتی نشان پوسٹ کریں گے تب تک ریسٹورنٹس اور فوڈ سروس اسٹیبلشمنٹ کے دیگر آپریٹرز ان کتوں کو *آوٹ ڈور* ڈائننگ میں اجازت د*ے* سکتے ہیں جو خدمات فراہم کرنے والے جانور نہیں ہیں ۔ ریسٹورنٹ اور دیگر فوڈ سروس اسٹیبلشمنٹس کیلئے درکار مطلوبہ علامتی نشان تلاش کرنے کیلئے، **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **"Rules for Outdoor Dining With Dogs"** (کتوں کے ساتھ آوٹ ڈور ڈائننگ کے **ضوابط**) تلاش کریں۔

کتوں کے ساتھ کھانے کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **"Dining With Dogs in Restaurants" (ریسٹورنٹس میں کتوں کے ساتھ ڈائننگ)** تلاش کریں۔

سوالات ہیں؟

ایسا کاروبار کھولنے سے پہلے جہاں آپ پالتو جانوروں کو اجازت دیتے ہیں اور کسٹمرز سے وہاں کھانے پینے کی توقع کرتے ہیں، 212-676-1600 پر NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (محکمہ صحت) میں آفس آف فوڈ سیفٹی کو کال کریں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کا سیٹ اپ ریسٹورنٹ یا دیگر فوڈ سروس اسٹیبلشمنٹ، جہاں جانوروں کی ممانعت ہے، کی تعریف کو حقیقت میں پورا نہیں کر رہا ہے۔

آپ کے کاروبار کی بنیاد پر، آپ کو **پالتو جانوروں کی دکانوں یا جانوروں سے متعلق دیگر کاروباروں کے تقاضوں** کو بھی چیک کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ مزید معلومات کیلئے، محکمہ صحت کے دفتر برائے ویٹرنری پبلک ہیلتھ سروسز کو 646-364-1765 پر کال کریں، **311** پر کال کریں یا **nyc.gov/nycbusiness** ملاحظہ کریں۔